# 03-02-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی جلد ہی ایم ایم ٹی ایس کے تیسرے مرحلے کا آغاز کریں گے۔

......ریاستی وزیر سیتا اکا نے الزام لگایا ہے کہ میڈارم جاترا کے تعلق سے جان بوجھ کر غلط مہم چلائی جارہی ہے۔

......ریاستی وزیر پونگولیٹی نے کہا ہے کہ بی آر ایس نے غریبوں کو نظر انداز کر دیا تھا۔ اوراب اقتدار میں آنے کے لئے ووٹ مانگ رہی ہے۔

اور

......اپوزیشن پارٹیوں کے آٹھ ارکان پارلیمنٹ کو بجٹ سیشن کے ماباقی حصے کے لئے معطل کر دیا گیا ہے۔

KISHAN MMTS

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج اعلان کیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی، حیدرآباد سے یادگیری گٹہ کو مربوط کرنے والے ایم ایم ٹی ایس پراجکٹ کے تیسرے مرحلے کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ بی جے پی کے پارٹی آفس میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے مختلف سیاسی پارٹیوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ بجٹ کو انعامی اسکیمات کے طور پر سمجھ رہی ہیں جبکہ موجودہ بجٹ انتخابی فائدے حاصل کرنے کے لئے نہیں بلکہ وکست بھارت کو ذہن میں رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ مرکزی حکومت کے حصے کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ایم آواس یوجنا اسکیم کے تحت تلنگانہ کے لئے 4.30 لاکھ مکانات پہلے ہی منظور کئے جا چکے ہیں۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ قومی شاہراہوں کی تعمیر کے لئے تلنگانہ کو ترجیح دی جارہی ہے۔ جبکہ انہوں نے اس بات کی بھی توثیق کی کہ کمراویلی اور جوگولامبا ریلوے اسٹیشنوں کا جلد افتتاح عمل میں آئے گا۔

MEDARAM

ریاست کی پنچایت راج وزیر سیتا اکا نے اس بات پر تنقید کی ہے کہ میڈارام جاترا کے تعلق سے غلط اطلاعات پھیلائی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض افراد اور سیاسی پارٹیاں اس تہوار کی عالمی سطح پر بڑھتی مقبولیت کو ہضم نہیں کر پارہے ہیں۔ وزیر نے کہا کہ بعض افراد سیاسی مفادات کے تحت بے بنیاد باتیں پھیلا رہے ہیں۔ اس کے باوجود اس فیسٹول میں شرکت کرنے والوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ فیسٹول کے تعلق سے عوام کا بھروسہ برقرار ہے۔ سیتا اکا نے مزید کہا کہ ہر شخص کو چاہیے کہ پورے

دل کے ساتھ مذکورہ ایونٹ کے تہذیبی مفہوم کا احترام کریں۔

CM

ریاستی وزیر اعلی ریونت ریڈی کل ضلع نلگنڈہ کے مریال گوڑہ کا دورہ کریں گے۔ اور موضع گدورو میں مختلف ترقیاتی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ ان پروگراموں کے بعد وزیر اعلی اسی مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ ضلع کلکٹر چندر شیکھر اور ایس پی شرتھ چندرا پوار نے جلسے گاہ کے مقام کا معائنہ کیا۔ اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس پی نے پولیس کو ہدایت دی کہ کسی بھی طرح کے ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لئے ٹھوس سیکوریٹی اقدامات کئے جائیں۔ جلسے میں شرکت کرنے والے عوام کی سہولت کے لئے بھی انتظامیہ کی جانب سے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

RYTHU NISHTAM

حیدرآباد میں آج رعیّتو نیشتم پروگرام منعقد ہوا۔ وزیر زراعت ناگیشور راو نے مختلف اضلاع کے کسانوں کے ساتھ بامعنی بات چیت میں حصہ لیا۔ اس سیشن میں زرعی تجربات کو باٹنے پر توجہ دی گئی اور سرکاری اسکیمات کے اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ اس دوران رنگاریڈی سے تعلق رکھنے والے شیوا نامی ایک کسان نے نامیاتی زراعت کے تعلق سے اپنے تجربات بیان کئے۔ جبکہ آئی ایف ایف سی او۔ کے ریاستی مارکٹنگ منیجر شنکر نے نینو کھاد کے فوائد اور دیگر باتوں کی تفصیلات بیان کیں۔ اس کے علاوہ پی جے ٹی ایس اے ای۔ کے سائنسداانوں نے یاسنگی دھان کی زراعت کے تعلق سے تکنیکی رہنمائی کی۔ وزیر نے شخصی طور پر یوریا ایپ کے نفاذ کا جائزہ لیا جبکہ کسانوں نے کھاد کی بروقت اور شفاف طریقے سے سربراہی کے عمل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے خاص طور پر جگتیال سے تعلق رکھنے والے رام کرشنا کی ستائش کی۔ جنہوں نے نامیاتی زراعت میں اہم پیش رفت حاصل کی ہے۔

PARIKSHA PE CHARCHA

وزیراعظم نریندر مودی نے اس مہینے کی چھ تاریخ کو خصوصی پریکشا پہ چرچا قسط کو دیکھنے کے لئے شہریوں کو مدعو کیا ہے۔ ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کے ساتھ بات چیت کرنا ایک خوشگوار موقع ہے۔ انہوں نے دباو کے بغیر والے امتحانات کی اہمیت پر زور دیا۔ اور چالنجس سے نمٹنے کے طریقوں کو اجاگر کیا۔ مودی نے بتایا کہ اس سال دیوموگرا، کوئمبتور، رائے پور، گوہاٹی، اور لوک کلیان مارگ دہلی میں امتحان میں شرکت کرنے والے طلبا کے ساتھ خصوصی سیشن منعقد کئے گئے۔

PONGULETI

ریوینو کے ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج ضلع کھمم کے بلدی حلقہ ایدولا پورم میں ایک انتخابی روڈ شو کے دوران بی آر ایس پارٹی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکومت نے دس سال تک اقتدار میں رہنے کے باوجود غریبوں کے مکانات کے معاملے کو نظرانداز کیا۔ ریڈی نے زور دے کر کہا کہ بی آر ایس حکومت مستحق افراد کو مکانات فراہم کرنے میں ناکام رہی۔ تاہم اب عوام سے ووٹ حاصل کرنا چاہتی ہے۔ سرینواس ریڈی نے الزام لگایا کہ سابق حکمرانوں نے سماج کے کمزور طبقات سے تعلق رکھنے

والے افراد کو دھوکہ دیا۔ جبکہ موجودہ حکومت عوام کے ساتھ سابق میں ہوئی ناانصافیوں کے ازالے کے پرعزم ہے۔

PONAM PRABHAKAR

بی سی ویلفر کے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے ضلع سدی پیٹ کے منڈل حسنہ آباد میں جاری ترقیاتی پروگراموں کو اجاگر کیا۔ اور عوام سے اپیل کی کہ مزید ترقی کے لئے بلدی انتخابات میں پارٹی کے حق میں مکمل طور پر ووٹنگ کی جائے۔ انہوں نے مختلف ترقیاتی پروگراموں کو اجاگر کیا جن میں 35۔ ایکر پر ساتاواہانہ یونیورسٹی۔ انجینئرنگ کالج۔ 250 بستروں والے دواخانے اور ایک صنعتی رہداری شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے علاوہ تعلیم۔ صحت اور ملازمت پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ پونم پربھاکر نے مزید کہا کہ پیشرو حکومت ایک دہائی کے دوران مکانات فراہم کرنے میں ناکام رہی وہیں موجود حکومت نے ٹاون میں پانچ سو اندرماں مکانات منظور کئے۔ انہوں نے سیلاب سے محفوظ رکھنے کے لئے کئے گئے اقدامات اور خواتین کے لئے خود روزگار تربیتی پروگراموں جیسے اقدامات کا بھی تذکرہ کیا۔

LS MP SUSPENSSION

لوک سبھا میں اپوزیشن پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے آٹھ ارکان کو ایوان میں نامناسب رویے کی پاداش میں رواں بجٹ سیشن کے مابقی حصے کے لئے معطل کردیا گیا ہے۔ ان ارکان پارلیمنٹ میں مانکیم ٹائیگور، امریندر سنگھ راجا۔ گروجیت سنگھ اجلا۔ ہیبی ایڈین۔ دین کوریا کوس۔ پرشانت پاڈول۔ اور کرن کمار ریڈی کانگریس کے جبکہ سی پی آئی ایم کے وینکٹیشن۔ شامل ہیں۔ تیسری مرتبہ کاروائی معطل کئے جانے کے بعد جب تین بجے سہ پہر لوک سبھا کی کاروائی شروع کی گئی تب اپوزیشن ارکان نے مختلف معاملات پر احتجاج شروع کیا۔ پریسائڈنگ آفیسر نے ان ارکان کے رویے پر اعتراض کیا۔ بعدازاں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایک قرارداد پیش کرتے ہوئے آٹھ ارکان پارلیمنٹ کی معطلی کی اپیل کی۔ جن میں کانگریس کے ساتھ اور سی پی ایم کا ایک رکن شامل ہے۔ ایوان میں ندائی ووٹ کے ذریعہ اس قرارداد کو منظور کرلیا گیا۔ بعض ازاں صدرنشین نے کل صبح گیارہ بجے تک کے لئے ایوان کی کاروائی معطل کردی۔

SOUND BYTE

KADIYAM SRI HARI

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری کو نوٹس جاری کرتے ہوئے انہیں انحراف کے معاملے میں کل ساعت میں شرکت کرنے کے لئے کہا ہے۔ اس سلسلے میں بی آر ایس کے ایم ایل اے ویویکانندا نے الزام عائد کیا تھا کہ سری ہری نے بی آر ایس کے ٹکٹ پر جیت حاصل کرنے کے بعد انحراف کرتے ہوئے کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ انہوں نے اس معاملے میں شکایت درج کرائی تھی۔ اسپیکر نے ویویکانندا کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے صبح گیارہ بجے موجودہ رہنے کے لئے کہا ہے۔ دس کے منجملہ سات منحرف ارکان اسمبلی کو حال ہی میں کلین چیٹ ملی ہے۔ جبکہ ڈی ناگیندر اور سری ہری کے خلاف درخواست ہنوز برقرار ہے۔ اس کے علاوہ ایم ایل اے سنجے کے معاملے میں بھی فیصلہ زیر التواء ہے۔

AMRIT UDYAN

راشٹراپتی بھون میں واقع امرت اودیان کو آج سے عام لوگوں کے لئے کھول دیا گیا۔ جو اکتیس مارچ تک کھلا رہے گا۔ صدر جمہوریہ کے سکریٹریٹ کے مطابق یہ باغ صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک کھلا رہے گا۔ جبکہ ہر پیر کو صفائی کاموں کے لئے بند رہے گا۔ اس کے علاوہ ہولی کے موقع پر چار مارچ کو بھی بند رہے گا۔ امرت اودیان میں داخلہ مفت رہے گا۔ آنے والے افراد

rashtrapatibhavan.gov.in

پر آن لائن سلائٹ بک کرا سکتے ہیں یا پھر راشٹراپتی بھون کے پاس سلاٹس بک کرا سکتے ہیں۔ آنے والوں کی سہولت کے لئے ہر تیس منٹ کے وقفے سے شٹل بس خدمات دستیاب رہے گی۔ آنے والے افراد اپنے ساتھ موبائل فون۔ الکٹرانک چابیاں۔ پرس۔۔ ہینڈ بیاگ۔ پانی کی بوتل۔ اور چھتری رکھ سکتے ہیں۔

VINOD

بی آر ایس کے سینئر لیڈر و سابق ایم پی ونود کمار نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ چھ مہینوں کے دوران کانگریس کے وزراء اور لیڈرس میں داخلی اختلافات پیدا ہو جائیں گی۔ کریم نگر کارپوریشن الیکشن کی انتخابی مہم کے دوران انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس پارٹی جھوٹے وعدے کر کے اقتدار میں آئی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اب عوام ان جھوٹے وعدوں کو سمجھ چکے ہیں اور بلدی انتخابات میں کانگریس کو سبق سکھانے کے لئے تیار ہے۔ ونود کمار نے بی آر ایس کی جیت کا یقین ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی کریم نگر میونسپ کارپوریشن پر اپنا پرچم لہرائے گی۔

YADADRI

یادادری بھونگیر کے ایڈیشنل کلکٹر بھاسکر راو نے کہا ہے کہ انتخابات کے پرامن اور عمدگی کے ساتھ انعقاد میں ریٹرنگ آفیسرس اور ان کے معاون عملے کا رول اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ کلکٹر نے ضلع بھونگیر میں منعقدہ پی اوز اور اے پی اوز کے تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے عملے پر زور دیا کہ کسی بھی طرح کی تیکنکی خامیوں سے دور رہیں اور انتخابی گائیڈ لائنس پر سختی سے عمل پیرا رہنے کے علاوہ مکمل شفافیت برتی جائے۔ عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ تمام ترمٹیریلس بشمول بیالٹ باکسس اور دیگر اشیاء کی اچھی طرح سے جانچ کر لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بیالٹ باکسس ایجنٹس کی موجودگی میں ہی کھلے جائیں۔ ایڈیشنل کلکٹر نے اس بات کو ضروری قرار دیا کہ ہر دو گھنٹے کے وقفے سے ٹی پول ایپ پر رائے دہی کا فیصد اپ ڈیٹ کیا جائے۔

INDIA US DEAL

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان ہوئے تجارتی معاہدے کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے آج اس معاہدے کو ملک کی ٹکنالوجی کی ترقی کے لئے ایک بڑی پیش رفت قرار دیا۔ امیت شاہ نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ ہند۔ امریکہ مذکورہ معاہدہ قوم کے لئے ایک نئی تحریک کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ملک کے نوجوانوں، انٹر پرینورس، اور تکنیکی شعبہ سے وابستہ افراد کے لئے نئے مواقع پیدا کرنے پر وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔